© rasailojaraid.com



**ٹوٹے ہوئے پر** مترجمہ جناب حکیم حبیب اشعر صاحب دہلوی تقطیع خورد ضخامت ۱۱۶ صفحات طباعت وکتابت عمدہ قیمت ۸؍ پتہ:۔ کتب خانہ علم وادب اردو بازار دہلی۔

جبران خلیل جبران عہد حاضر کا مشہور عربی زبان کا شاعر اور ادیب ہے۔ متعدد کتابوں کا مصنف ہے۔ مگر اردو خواں طبقہ میں بالکل نامعروف نہیں۔ اس کی کئی کتابوں کا ترجمہ پہلے بھی اردو زبان میں ہو چکا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی کے ایک حزنیہ ناول "الاجنحۃ المتکسرہ" کا ترجمہ ہے۔ لائق مترجم دہلی کے نوجوان شاعر اور ادیب ہیں اور ٹکسالی زبان بولتے اور لکھتے ہیں انھوں نے اس ترجمہ میں بھی اپنی ان خصوصیات کو باقی رکھا ہے۔ ناول دلچسپ اور بعض اعتبارات سے سبق آموز بھی ہے۔

**عرفانِ حافظ** از شیاما چرن داس صاحب۔ تقطیع جیبی ضخامت ۵۰ صفحات قیمت عہ پتہ: ۱۶۴۹ دسان اسٹریٹ دہلی۔

اس کتابچہ میں فاضل مرتب نے خواجہ حافظ شیرازی کے ایسے متفرق اشعار مختلف عنوانات کے ماتحت جمع کر دیئے ہیں جن میں تصوف، معرفت اور رجوع الی اللہ کے مضامین بیان کئے گئے ہیں مصنف نے انتخاب کے ساتھ ساتھ اشعار کا اردو ترجمہ بھی کر دیا ہے جو سہل وسلیس اور عام فہم ہے اور ہر باب کے شروع میں عنوان کی تشریح سے متعلق مختصر مگر مفید نوٹ بھی ہیں۔ اربابِ ذوق کے لئے یہ کام کی چیز ہے۔

**یادِ اقبال** مرتبہ غلام سرور صاحب فگار۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۱۲۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت بے جلد ۸؍ پتہ:۔ اقبال اکیڈمی لاہور

اس مجموعہ میں وہ متفرق نظمیں اور قطعات وغیرہ جمع کر دیئے گئے ہیں جو ڈاکٹر اقبال مرحوم کی وفات حسرت آیات پر اردو زبان وادب کے مختلف اربابِ قلم وسخن نے لکھے تھے اور جن میں انھوں نے اسلامی ہند کے اس حادثہ فاجعہ پر اپنے دلی رنج وغم کا اظہار کیا تھا۔ اگرچہ اس کتابچہ میں اس قسم کے قطعات اور مراثی کا استقصار نہیں ہو سکتا تھا۔ تاہم بعض اچھے اچھے اور بلند پایہ شعرار کے قطعات اس میں شامل ہیں۔

© rasailojaraid.com